فوری ریلیز کے لیے: 23/4/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

ہفتہ ارض کے دوران، گورنر HOCHUL نے SUNY ONEONTA کو بطور پہلی ریاستی یونیورسٹی اجاگر کیا جو اپنے کیمپس کے کچھ حصے کی بجلی NYSERDA پروگرام کے ذریعے مقامی طور پر حاصل کردہ توانائی سے فراہم کر رہی ہے

NYSERDA اور SUNY کے درمیان یہ اپنی نوعیت کا پہلا معاملہ، توانائی کے دیگر صارفین کے لیے ایک قابل نقل نمونہ ہے؛ کاربن کے اثرات میں کمی کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ریاست بھر میں مقامی، قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کی حمایت کرتا ہے

مقامی، ماحول دوست توانائی Oneonta کیمپس میں چار، 200 بستروں کے رہائشی ہالز کو بجلی دے گی

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ Oneonta میں نیو یارک کی ریاستی یونیورسٹی (SUNY Oneonta) ریاست نیو یارک محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کے رضاکارانہ فروخت پروگرام سے ٹیئر 1 قابل تجدید توانائی کے سرٹیفکیٹس (Renewable Energy Certificates, REC) خریدنے والی پہلی SUNY ہے۔ یہ خریداری توانائی کے صارفین — تجارتی، صنعتی اور ادارہ جاتی یوٹیلیٹی صارفین — کے لیے ایک نمونہ ہے جو ریاست بھر میں نقل کیا جا سکتا ہے اور SUNY Oneonta کیمپس میں چار، 200 بستروں کے رہائشی ہالز کو مکمل طور پر بجلی دینے کے لیے مقامی طور پر ماحول دوست توانائی فراہم کرے گی۔

"ریاست نیو یارک ماحول دوست توانائی کے حل اور پائیداری کو آگے بڑھانے کے لیے اپنی وابستگی کا مظاہرہ جاری رکھے ہوئے ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "میں SUNY Oneonta کو ماحول دوست توانائی سے اپنے کیمپس کو بجلی فراہم کرنے پر سراہتی ہوں۔ یہ پروگرام نہ صرف یونیورسٹی کو کاربن کے حوالے سے غیرجانبدار ہونے تک پہنچنے کے ایک قدم قریب لاتا ہے بلکہ یہ SUNY کے دیگر کیمپسز کے لیے ایک مثالی نمونہ بھی فراہم کرتا ہے۔"

NYSERDA کے ذریعے لاگو کیا گیا، رضاکارانہ ٹیئر 1 REC پری سیل پروگرام 2023 میں قائم کیا گیا تھا تاکہ کسی بھی تنظیم — بشمول تجارتی، صنعتی اور ادارہ جاتی یوٹیلیٹی صارفین — کے لیے ایک موقع پیدا کیا جا سکے کہ ایک مسابقتی عمل کے ذریعے NYSERDA سے اعلیٰ معیار کے نیو یارک کے ٹیئر 1 RECs خرید سکیں۔ ٹیئر 1 RECs ایک میگا واٹ گھنٹہ (MWh) توانائی کی ماحولیاتی خصوصیات کی نمائندگی کرتے ہیں جو ہوا اور شمسی جیسے قابل تجدید وسائل سے حاصل ہوتی ہے۔ اس پروگرام کے لیے، ذرائع کو قابل تجدید توانائی کے معیار (Renewable Energy Standard, RES) کا اہل ہونا چاہیے اور قابل تجدید توانائی کے ان نئے جنریٹرز سے آنا چاہیے جنھوں نے 1 جنوری 2015 کو یا اس کے بعد کام شروع کیا ہو۔ اپنی REC کی خریداری کے ذریعے، SUNY Oneonta سن 2025 میں 1,000 MWhs نئی، مقامی قابل تجدید توانائی حاصل کرے گی۔

NYSERDA کے پروگرام میں حصہ لے کر، تنظیمیں اپنے کاربن کے اثرات کو کم کر سکتی ہیں اور ریاست نیو یارک بھر کے مقامی، قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کی معاونت کر سکتی ہیں۔

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris (ڈورین ایم ہیرس) نے کہا، "تمام نیو یارک کے باشندوں، خاص طور پر کالج کیمپس میں رہنے اور کام کرنے والے بہت سے طلباء، فیکلٹی اور دیگر کے لیے مقامی طور پر حاصل کی گئی قابل تجدید توانائی کو یقینی بنانا ریاست نیو یارک کی توانائی کی قیادت کا ایک اہم حصہ ہے۔ NYSERDA کو SUNY Oneonta کے ساتھ اپنے تعاون پر فخر ہے اور مستقبل میں اس پروگرام کے ذریعے توانائی کے دیگر صارفین، جیسے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے پرامید ہے۔"

نیو یارک کی ریاستی یونیورسٹی کے چانسلر John B. King Jr. (جان بی کنگ جونیئر) نے کہا، "SUNY کے آب و ہوا اور پائیداری کے ایکشن پلان کے ذریعے، SUNY Oneonta جیسے کیمپس آج ایسی تبدیلیاں کر رہے ہیں جن کا براہ راست اثر ان کی مستقبل کی توانائی کی پائیداری اور آس پاس کی ان کمیونٹیز پر پڑے گا جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔ ٹیئر 1 قابل تجدید توانائی کے سرٹیفکیٹس خریدنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے پروگرام میں شامل ہونے میں پہل کرنے پر ہم SUNY Oneonta کو سراہتے ہیں، اور میں اس اقدام سے باہمی طور پر سیکھنے کا منتظر ہوں تاکہ ہمارے زیادہ سے زیادہ کالج اور یونیورسٹیز یہ سمجھ سکیں کہ RECs کو ان کے ماحول دوست توانائی کے پروگرامز میں بہترین طریقے سے کیسے شامل کیا جا سکتا ہے۔"

Oneonta مین نیو یارک کی ریاستی یونیورسٹی کے صدر Alberto Cardelle (البرٹو کارڈیل) نے کہا، "SUNY سسٹین ایبلٹی کونسل کے شریک چیئر کے طور پر اپنے کردار میں، مجھے SUNY کا آب و ہوا اور پائیداری کا ایکشن پلان تیار کرنے کے لیے SUNY سسٹم کے رہنماؤں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا موقع ملا ہے۔ ٹیئر 1 قابل تجدید توانائی کے سرٹیفکیٹس خریدنا ایک مثبت قدم ہے جو ہم SUNY Oneonta میں کر رہے ہیں تاکہ موسمیاتی تبدیلی اور پائیداری سے نمٹنے کے لیے راہنمائی کی جا سکے۔ ہماری کیمپس کمیونٹی، طلباء سے لے کر فیکلٹی اور آنے والے مہمانوں تک، پائیداری کو اہمیت دیتی ہے اور اس بات کو سمجھتی ہے کہ یہ ایک ادارے کے طور پر ہماری بنیادی اقدار میں سے ایک ہے۔"

رکن اسمبلی Brian Miller (برائن ملر) نے کہا، "میں SUNY Oneonta کی ستائش کرتا ہوں کہ وہ SUNY کے اداروں میں مقامی طور پر حاصل کی گئی ماحول دوست توانائی کے استعمال میں ایک رہنما ہے۔ ٹیئر 1 قابل تجدید توانائی کے سرٹیفکیٹس کی خریداری کے ذریعے NYSERDA کے رضاکارانہ سیلز پروگرام کا استعمال کرتے ہوئے رہائش گاہوں کو مکمل طور پر بجلی فراہم کرنے والا پہلا کیمپس بن کر، یہ ایک طاقتور مثال قائم کر رہے ہیں کہ جب ہم پائیداری، اختراعات اور مقامی اثرات کو ترجیح دیتے ہیں تو کیا کچھ ممکن ہے،" اسمبلی مین Brian Miller (برائن ملر) نے کہا۔ "یہ ایک ایسا نمونہ ہے جس کے تحت ہمارے ایک صاف ستھرے، زیادہ لچکدار مستقبل کی طرف کام کو پورے نیو یارک کے ادارے اور توانائی استعمال کرنے والے ایک مثال کے طور پر دیکھ سکتے ہیں۔"

یہ خریداری SUNY Oneonta کے کلین انرجی ماسٹر پلان کا حصہ ہے جو 2045 تک کاربن غیرجانبداری کی راہ متعین کرتا ہے۔ یونیورسٹی اپنے کیمپس کی عمارتوں کو ہیٹ پمپ ٹیکنالوجی پر منتقل کر رہی ہے اور ان RECs کی خریداری کے ساتھ ساتھ اس کی موقع پر بجلی کی پیداوار، SUNY Oneonta کے برقی استعمال کے بدلے حساب کرنے مدد کرے گی۔

NYSERDA نیو یارک میں ٹیئر 1 REC کی خرید و فروخت کا مرکزی منتظم ہے اور اپنے ٹیئر 1 پروگرام کے ذریعے ماحول دوست توانائی کی متنوع فراہمی کی حمایت کرتا ہے۔ اس پروگرام میں حصہ لینے والے، موجودہ طور پر فعال منصوبوں سے فی الفور ماحولیاتی فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

پروگرام کے بارے میں اضافی معلومات یہاں NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا

ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا ایک صاف توانائی والی معیشت کی جانب ارزاں اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کو سہارا دینے والی ملازمتیں پیدا کرے، سبز سرمایہ کاریوں کے ذریعے اقتصادی ترقی کو فروغ دے، اور کم از کم 35 فیصد فوائد پسماندہ کمیونٹیز کی طرف مرکوز کرے۔ نیو یارک کی جانب سے 2050 تک

اخراجوں سے پاک معیشت حاصل کرنے کے لیے توانائی، عمارات، نقل و حمل، اور کچرے کے شعبوں میں متعدد اقدامات میں پیش رفت کی جا رہی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں